31.05.2025

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..... آسیہ میمونہ

Music

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پہلگام کا حملہ ملک کی خواتین کی طاقت کیلئے ایک چیلنج تھا اور یہ دہشت گردوں کے آقاؤں کیلئے موت کا پیغام بن گیا۔

☆ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ سرکار نے خواتین کے زیرِ قیادت ترقی کو حکمرانی کا محور بنا رکھا ہے۔

☆ میزورم میں Lawngtlai علاقے میں مٹی کے تودے چھ مکانوں پر گرنے کے نتیجے میں کئی افراد کے مر جانے کا اندیشہ ہے۔

☆ بھارت کے یوکی بھامبری اور اُن کے امریکی ساتھی کھلاڑی رابرٹ Galloway Stun فرنچ اوپن ٹینس کے تیسرے دور میں پہنچ گئے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے.....

PM-MP VISIT

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ملک کے 140 کروڑ عوام کا یہ واضح پیغام ہے کہ گولی کا جواب گولے سے دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم دہشت گردوں کو ، اُن کے گھروں میں گھس کر ماریں گے اور اُن کی مدد کرنے والوں کو بھی اِس کی قیمت چکانی پڑے گی۔ جناب مودی نے کہا کہ دہشت گردوں نے پہلگام میں حملہ کرکے بھارت کی خواتین کی طاقت کو چیلنج کیا تھا اور یہ حملہ اُن کیلئے موت کی نیند ثابت ہوا۔

SB - 1400 - PM on Park Proxy War

وزیر اعظم نے یہ بات بھوپال میں خواتین کو بااختیار بنانے سے متعلق مہا سمّیلن میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہی۔ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ سرکار نے خواتین کے زیرِ قیادت ترقی کو حکمرانی کا محور بنا رکھا ہے۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ دہشت گردوں نے خواتین کی طاقت کو چیلنج کیا تھا اور یہ چیلنج اُن کیلئے اور اُن کے آقاؤں کیلئے موت کا پیغام بن گیا۔

SB - 1400 - PM Nari Salute

ماتا دیوی اہلّیہ بائی کے 300 ویں یومِ پیدائش کے موقع پر بھوپال کے Jamboori میدان میں اِس سمّیلن کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اِس موقع پر وزیرِ اعظم نے 300 روپے کے ایک خصوصی سکّے کی نقاب کشائی کی۔ ثقافت کی مرکزی وزارت نے اِسے جاری کیا ہے۔ اِس سکّے پر اہلّیہ بائی ہولکر کی تصویر بنی ہوئی ہے۔ جناب مودی نے ایک یادگاری خصوصی ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا۔ وزیرِ اعظم نے چھتیس گڑھ میں بَستر کے ڈاکٹر Jaymati Kashyap کو دیوی اہلّیہ بائی ہولکر ایوارڈ سے نوازا ۔ ڈاکٹر Kashyap کو Gondi زبان کے تحفظ اور خواتین کی بردہ فروشی کی روک تھام کی کوششوں کیلئے یہ ایوارڈ دیا گیا ہے۔ x

ALL PARTY DELEGATION

دہشت گردی کے خاتمے کے لیے بھارت کے مصمم ارادے کے اظہار کے طور پر سات کثیر پارٹی پارلیمانی وفود اپنے غیر ملکی سرکاری دورے میں اعلیٰ سطح کی بات چیت میں مصروف ہیں۔ کانگریس کے رکن پارلیمنٹ ششی تھرور کی قیادت میں کُل جماعتی وفد نے، جو کہ اس وقت کولمبیا کے دورے پر ہے، کولمبیا کی نائب وزیر خارجہ Rosa Yolanda اور اُن کے سینئر ساتھیوں کے ساتھ ملاقات کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب تھرور نے کہا کہ انہوں نے حالیہ واقعات پر بھارت کے موقف کو پیش کیا اور کولمبیا کے ذریعہ پاکستان کے ساتھ اظہار تعزیت کرنے پر مایوسی ظاہر کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ کولمبیا کے وزیروں نے انہیں یقین دہانی کرائی ہے کہ بیان واپس لے لیا گیا ہے اور بھارت کا موقف اچھی طرح سے سمجھ میں آ گیا ہے اور اس کی حمایت کی گئی ہے۔

جناب تھرور نے کہا کہ بھارت، برکس کے ساتھ رابطے کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے، کیونکہ بھارت، برکس کا بانی رُکن ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ بھارت کا تعلق عالمی جنوب کی ترقی سے ہے، جو کہ ترقی پذیر دنیا کے ممالک ہیں۔

S/B Shashi Tharoor-Delegation

شیوسینا کے رُکن پارلیمنٹ شری کانت ایکناتھ شنڈے کی قیادت والے ایک دیگر وفد نے Sierra-Leone کا اپنا دورہ مکمل کرلیا ہے، جبکہ ڈی ایم کے کی رُکن پارلیمنٹ Kanimozhi کی قیادت میں ایک کُل جماعتی وفد، اس وقت Latvia کے دورے پر ہے۔x

MIZORAM-BUILDING COLLAPSE

میزورم میں Lawngtlai قصبے میں موسلادھار بارش کے سبب مٹی کے تودے کھسکنے سے ایک ہوٹل سمیت چھ مکانات منہدم ہوگئے۔ اس حادثے میں کئی افراد کے ہلاک ہونے کا خدشہ ہے۔ عہدیداروں نے کہا ہے کہ یہ حادثہ بازار Veng اور

Chandmary علاقوں میں جمعہ کی رات لگ بھگ ساڑھے دس بجے ہوا۔ آفات سے نمٹنے سے متعلق ریاستی فورس-SDRF اور تیسری انڈین ریزرو بٹالین کے اہلکاروں کی قیادت میں بچاؤ کارروائی جاری ہے۔×

J&K MOCK DRILL

جموں و کشمیر میں، لوگوں کی سلامتی اور قدرتی آفات سے نمٹنے کیلئے تیاری کو بڑھانے کے مقصد سے کشمیر اور جموں کے SDRF اور سِول ڈیفینس کے ڈائریکٹوریٹ آج شام 5 بجے ایک جامع دفاعی موک ڈرِل کا اہتمام کریں گے۔ آکاشوانی جموں کے ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ جموں و کشمیر کے مختلف مقامات پر سائرن بجا کر ایمرجنسی الرٹ جاری کیے جائیں گے۔ لوگوں سے زور دے کر کہا گیا ہے کہ وہ گھبرائیں نہیں اور اِن سائرن کو آپریشنل تیاری کے تجربے کے مقصد سے معمول کی سیفٹی مشق کا حصہ سمجھیں۔ اس مشق میں مرکز کی جانب سے کنٹرول کئے جانے والے Air Raid Sirens، شہری علاقوں میں بلیک آؤٹ پروٹوکول اور ایک ڈرون اسٹرائک واقعہ میں ملیٹری اسٹیشنوں سے کنبوں کو نکالنے کی ایک مشق بھی شامل ہوگی۔

اس Drills میں حفظان صحت سے متعلق ٹیموں کی تعیناتی، بلڈ یونٹس کی نقل وحمل اور دیگر ہنگامی اقدامات بھی شامل ہوں گے۔ اس میں سول ڈیفنس وارڈنس، مقامی انتظامیہ کے رضاکار اور NCC، NSS، NYKS اور بھارت اسکاؤٹ اینڈ گائڈس کے نوجوان بھی حصہ لیں گے۔ یہ شرکاء دشمن کے طیارے، ڈرونس اور میزائل حملوں سے پیدا ہونے والے خطروں کے خلاف سول ڈیفنس کے اقدامات کو نافذ کرنے میں اہم رول ادا کریں گے۔ پوری ریاست میں چلائی جارہی اس ڈِرل کے تحت کشمیر ڈویژن میں بدھ کو جموں، کٹھوعہ، اودھم پور، راجوری، پونچھ، سانبا، ڈوڈہ، اَکھنور، نوشیرہ، اُڑی اور اونتی پورہ میں مشقیں چلائی گئی ہیں۔×

LADAKH-WORLD NO TOBACO

لداخ میں، کرگل کی ضلع ہیلتھ سوسائٹی نے آج تمباکو کی روک تھام کا عالمی دن منایا۔ اس موقع پر کرگل میں 'Run For a Cause- Run for Health' کے بینر کے تحت تمباکو کے استعمال کی روک تھام کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کی غرض سے ایک پانچ کلو میٹر طویل میراتھن کا انعقاد کیا گیا۔ کرگل کے ڈپٹی کمشنر شری کانت Suse نے اس میراتھن کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ اس میں لڑکوں اور لڑکیوں کے زمروں میں مختلف اسکولوں کے 50 سے زیادہ طلباء نے شرکت کی۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جناب شری کانت Suse نے ضلع میں تمباکو کے استعمال کی روک تھام کی غرض سے انتظامیہ کی جانب سے کی جارہی مسلسل کوششوں کو اجاگر کیا۔×

DEFENCE EXPORTS

محکمہ دفاع کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ نے کہا کہ دفاع کے شعبے میں خود انحصاری بہت اہم ہے، کیونکہ نہ صرف یہ ملک کی اسٹریٹجک خود مختاری کو برقرار رکھتی ہے، بلکہ وکست بھارت کے وسیع ہدف کو بھی حاصل کرنے کیلئے بہت زیادہ اہمیت کی حامل ہے۔ نئی دلّی میں ڈیفنس کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ بھارت-2015 میں مصنوعات درآمد کرنے والے ملکوں میں سرفہرست تھا، لیکن آج وہ مصنوعات برآمد کرنے والے سرفہرست 25 ممالک میں سے ایک بن گیا ہے۔ انہوں نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ 100 سے زیادہ بھارتی کمپنیاں 100 سے زیادہ ممالک کو آج میزائل، راکٹ لانچر، Simulators، بکتر بند گاڑیاں، Dornier طیارے، مختلف قسم کے جہاز اور ساحل پر گشت لگانے والی کشتیاں برآمد کررہی ہیں۔×

INDIA-BRAZIL SHANGRILA DIALOGUE

بھارت اور برازیل نے شنگریلا ڈائیلاگ-2025 میں ایک آزاد، کھلے اور سبھی کی شمولیت والے بھارت-بحرالکاہل خطے کے تئیں اپنے عزم کی توثیق کرتے ہوئے، اپنے دو طرفہ تعلقات کو مستحکم بنایا ہے۔ چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انل چوہان اور برازیل کی مسلح افواج کے چیف آف اسٹاف ایڈمرل Aguiar-Freire نے اصولوں پر مبنی بین الاقوامی نظام اور علاقائی اور عالمی اُمور پر دونوں ملکوں کے درمیان بڑھتے اتفاق رائے کی اہمیت کو اُجاگر کرتے ہوئے، مشترکہ اقدار اور مفادات کے بارے میں غور وخوض کیا۔ تبادلہ خیال کے دوران، دونوں ملکوں نے علاقائی سکیورٹی، بحری آزادی اور آب وہوا کیلئے سازگار ترقی کے معاملے میں اشتراک پر بھی زور دیا۔×

FRENCH OPEN

ٹینس میں، فرنچ اوپن کے مردوں کے ڈبلز میں بھارت کے یوکی بھامبری اور امریکہ کے اُن کے ساتھی کھلاڑی رابرٹ Galloway کی جوڑی تیسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہے۔ آج پیرس میں ایک سنسنی خیز مقابلے میں اس جوڑی نے Nikola-Mektic اور مائیکل وینس کی جوڑی کو شکست دی۔ اب کوارٹر فائنل میں پہنچنے کیلئے، بھامبری اور Galloway کی اس جوڑی کا مقابلہ امریکہ کے کرسچین Harrison اور ایوان کنگ کی جوڑی سے ہوگا۔×

IPL-CRICKET

IPL کرکٹ میں، کل رات چنڈی گڑھ کے مہاراجہ Yadavindra سنگھ انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں ہوئے Eliminator مقابلے میں ممبئی انڈینس نے گجرات ٹائٹنس کو 20 رن سے شکست دے کر دوسرے کوالیفائر میں جگہ بنا لی

ہے۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے ممبئی انڈینس نے مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ پر 228 کا بڑا نشانہ رکھا تھا۔ جواب میں گجرات ٹائٹنس 6 وکٹ پر 208 رن ہی بنا سکی اور 20 رن سے میچ ہار گئی۔ ×

WRESTLING-ULAABAATAR OPEN

کُشتی میں، کل منگولیا میں Ulaanbaatar اوپن-2025 میں بھارتی کھلاڑیوں نے چار سونے کے تمغوں سمیت 6 تمغے جیتے ہیں۔ پیرس اولمپین Antim Panghal نے خواتین کے 53 کلوگرام زُمرے میں Natalia Malysheva کو ایک شاندار مقابلے میں دس-صفر سے ہراکر سونے کا تمغہ جیتا۔ خواتین کے 57 کلوگرام زُمرے میں پہلی بار حصہ لینے والی نیہا سانگوان نے Bolortuya Khurelkhuu کو چار-صفر سے ہراکر سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ 59 کلوگرام زُمرے میں مُسکان نے اور 72 کلوگرام زمرے میں Harshita نے بھی سونے کا تمغہ جیتا۔

مردوں کے Greco-Roman، 60 کلوگرام زُمرے میں سورج نے چاندی کا، جبکہ خواتین کے 50 کلوگرام فری اسٹائل زمرے میں نیلم نے کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ بھارت اس مقابلے میں اب تک پانچ سونے کے، تین چاندی کے اور چار کانسے کے تمغوں کے ساتھ کُل 12 تمغے جیت چکا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆